فوری ریلیز کے لیے: 2024/15/3 | گورنر ***KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL نے اعلان کیا ہے کہ صاف ہائیڈروجن میں جدّت طرازی میں تیزی لانے کے لیے اب 16$ ملین سے زائد کی رقم دستیاب ہے

جس سے تحقیق، ترقیاتی کام، اور نمونے کے پروجیکٹس میں معاونت حاصل ہوتی ہے اور وفاقی فنڈنگ کے مواقع سے فائدہ اٹھانے میں مدد ملتی ہے

اس سے صنعتی کارروائیوں، آلودگی سے پاک نقل و حمل، توانائی ذخیرہ کرنے کے لیے اور گرڈ سپورٹ کے لیے صاف ہائیڈروجن کے استعمال کو فروغ ملے گا

اس اقدام سے ریاست کے موسمیاتی قیادت اور کمیونٹی تحفظ ایکٹ کے اہداف کی حمایت کی جا رہی ہے تاکہ 2040 تک 100 فیصد صفر اخراج والی بجلی کی طرف منتقلی کی جائے

گورنر Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ ہائیڈروجن اور کلین فیول پروگرام (Hydrogen and Clean Fuel Program) کے ذریعے صاف ہائیڈروجن میں جدّت طرازی میں تیزی لانے کے لیے اب 16$ ملین سے زیادہ دستیاب ہیں۔ اس فنڈنگ سے تحقیق، ترقی اور نمونے کے پروجیکٹس میں معاونت حاصل ہو گی اور ہائیڈروجن فنڈنگ کے وفاقی مواقع سے فائدہ اٹھانے میں بھی مددگار ثابت ہو گی، جبکہ صنعتی کارروائیوں، آلودگی سے پاک نقل و حمل، توانائی ذخیرہ کرنے کے لیے اور گرڈ سپورٹ کے لیے صاف ہائیڈروجن کے استعمال کو فروغ ملے گا۔ آج کے اعلان سے ریاست کے معروف قومی موسمیاتی قیادت اور کمیونٹی تحفظ ایکٹ (Climate Leadership and Community Protection Act) کے ہدف کی حمایت ہوتی ہے جس کا مقصد یہ ہے کہ 2040 تک 100 فیصد صفر اخراج والی بجلی کی طرف منتقلی اپنائی جائے۔

"ایک صاف ہائیڈروجن والے ماحولیاتی نظام کی تخلیق اور اس نوزائیدہ صنعت کو فروغ دینے کے سلسلے میں نیو یارک قیادت کر رہا ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "چونکہ ہم سرسبز معیشت کے فروغ میں مسلسل کام کر رہے ہیں، تو ایسے میں متبادل ایندھنوں کے سلسلے میں پیش رفت کرنا ایک اہم طریقہ ہے جس کے نتیجے میں پوری معیشت میں اخراج میں کمی لائی جا سکتی ہے اور صاف توانائی والے روزگار کے نئے مواقع پیدا کیے جا سکتے ہیں۔"

ریاست نیو یارک کی توانائی کی تحقیق اور ترقی کی اتھارٹی (New York State Energy Research and Development Authority، NYSERDA) کے زیرِ انتظام، ہائیڈروجن اینڈ کلین فیول پروگرام کے تحت دو مسابقتی مواقع کے ذریعے اب یہ فنڈنگ دستیاب ہے، جو کہ ایک 11$ ملین والا RD&D درخواست طلبی اور ایک 5$ ملین والا گردشی درخواست طلبی پروگرام ہے جس کے تحت نیو یارک میں قائم شدہ پروجیکٹس کے لیے وفاقی ہائیڈروجن فنڈنگ کے لیے کامیابی کے ساتھ درخواست دینے والے اداروں کے لیے لاگت میں حصہ داری کی معاونت فراہم کی جا سکتی ہے۔ماحولیاتی انصاف اور پسماندہ کمیونٹی اسٹیک ہولڈر کے نقطۂ نظر نے درخواست طلبیوں کے لیے توجہ طلب شعبوں کی تشکیل میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

NYSERDA کی صدر اور CEO Doreen Harris نے کہا، "نیو یارک کے اخراج میں کمی لانے کے پُرعزم اہداف پورے کرنے کے لیے جدّت طرازی اور نئی ٹیکنالوجیز کی معاونت کے لیے یکساں طور پر جرات مندانہ نقطۂ

نظر اپنانے کی ضرورت ہے، جس کا اظہار، صاف ہائیڈروجن کی تحقیق اور ترقی کے سلسلے میں ریاست کی جانب سے بدستور جاری سرمایہ کاری سے ہوتا ہے۔ کائنات میں سب سے زیادہ وافر عنصر کے طور پر، ہائیڈروجن ایک ایسا قدرتی حل ہے جو سورج کے لیے ایندھن فراہم کرتا ہے اور صاف توانائی کی جانب منتقلی کے لیے اتنی ہی طاقتور صلاحیت کا حامل ہے۔"

دونوں درخواست طلبیوں کے لیے درخواست دہندگان میں اکیلے ادارے یا ٹیمز شامل ہو سکتی ہیں اور ان کے پاس صاف ہائیڈروجن کے لیے صنعتی سامان و آلات سے لے کر ہائیڈروجن فیول سیل برقی گاڑیوں تک کے لیے پانچ تکنیکی مشکلات میں سے کسی ایک کا حل موجود ہونا چاہیئے۔

درج ذیل زمرہ جات میں تجاویز قبول کی جائیں گی:

- **مصنوعہ کی تشکیل -** ایسی کوششوں میں پیش رفت جو ٹیکنالوجی کی قابل فروخت مصنوعہ، نظام، حکمت عملی، یا خدمت کی ترقی و بہتری کے لئے ضروری ہوں اور کسی ایسی جدّت و اختراع کی کوئی جانچ یا تصدیق جو پہلے سے تجارتی طور پر دستیاب نہ ہوں اور اس کے نتیجے میں ریاست نیو یارک میں تیار کردہ مصنوعات کی تجارت کی جا سکتی ہو۔
- **آزمائشی اور نمونے کے پروجیکٹس -** جدید اختراعی ٹیکنالوجیز، نظام، حکمت عملیوں، یا خدمات کا نمونہ پیش کیا جائے یا جانچ کی جائے جن کو تجارتی صورت میں بنانے کے لیے جانچ پڑتال کی ضرورت ہوتی ہے یا جو پہلے ہی تجارتی طور پر دستیاب ہوں تاہم انہیں ریاست نیو یارک میں ابھی تک صنعتی قبولیت یا اہم تعیناتی حاصل نہ ہوئی ہو۔

تحقیق، ترقی اور نمونے کے پروجیکٹس کے لیے پیش کی جانی والی فنڈنگ کا یہ دوسرا راؤنڈ ہے اور اس کی درخواستیں **15 جولائی 2024 کو سہ پہر 3:00 بجے** تک قبول کی جائیں گی۔ پہلے راؤنڈ میں موصول ہونے والی تجاویز کا جائزہ لیا جا رہا ہے اور 2024 کی تیسری سہ ماہی میں ایوارڈز متوقع ہیں۔

لاگت میں حصہ داری فنڈنگ کے مواقع کے لیے، پہلے آئیے، پہلے پائیے کی بنیاد پر **26 جون، 2025** کو سہ پہر **3:00 بجے** تک درخواستیں موصول کی جائیں گی۔ اضافی معلومات اور متعلقہ دستاویزات کے لئے NYSERDA کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

ہائیڈروجن کی ان والی اور مستقبل میں آنے والی درخواستوں کے لیے شراکت دار تلاش کرنے کے سلسلے میں ممکنہ تجویز کنندگان کی مدد کرنے کی خاطر، NYSERDA نے شراکت داری کا ایک نیا پلیٹ فارم بنایا ہے۔ دلچسپی رکھنے والے ادارے رضاکارانہ طور پر اپنی معلومات جمع کروا سکتے ہیں تاکہ تعاون کے لیے ممکنہ شراکت داروں کی شناخت ممکن ہو۔

ریاست نیو یارک کے عوامی خدمت کے کمیشن کے صدر Rory M. Christian نے کہا، "ہماری مستقبل کی صاف توانائی کی معیشت کے لیے نئے متبادل ایندھنوں کی تیاری ایک اہم جزو ہے، اور صاف ہائیڈروجن کا ایک نظام تیار کرنا اس مجموعی اقدام کا حصہ ہے۔ ہائیڈروجن اور صاف ایندھن پروگرام کے ذریعے حاصل شدہ اس انتہائی مطلوبہ فنڈنگ سے اخراج کو کم کرنے کے لیے نئے طریقہ ہائے کار تیار کرنے اور لاگو کرنے میں مدد ملے گی۔"

ریاست نیو یارک کے محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ کے کمشنر Basil Seggos نے کہا، "موسمیاتی چیلنج سے نمٹنے کے لیے نیو یارک کی اہم ترین سرمایہ کاریوں کی تحقیق اور تشکیل کاری کے کام میں پیش رفت کی جا رہی ہے تاکہ معدنی ایندھن کا استعمال کم کرنے اور موسمیاتی قیادت اور کمیونٹی تحفظ ایکٹ کے نفاذ میں معاونت کے سلسلے میں ریاست کی مسلسل کوششوں کی تکمیل کی جا سکے۔ گورنر Hochul کی قیادت میں، صاف ہائیڈروجن میں تحقیق اور اختراعی کام کو فروغ دینے کے لیے اب 16$ ملین دستیاب ہیں، جس کے نتیجے میں ایک صاف توانائی والی معیشت اور سرسبز ماحول کی جانب ہماری منتقلی میں معاونت ملے گی۔"

ہائیڈروجن اور کم کاربن والے ایندھنوں کے علاقائی سربراہ DNV Amit Goyal نے کہا، "دریں اثنا کہ امریکی افراط زر میں تخفیف کے ایکٹ (U.S. Inflation Reduction Act) میں شامل ٹیکس کریڈٹس کی مدد سے صاف ہائیڈروجن والے پروجیکٹس کی اقتصادیات میں نمایاں طور پر بہتری آئے گی، تاہم حقیقت یہ ہے کہ گھریلو صاف ہائیڈروجن کی پیداوار اور استعمال میں تیزی لانے کے لیے، انفرادی طور پر ریاستوں کو بھی براہ راست اقدام کرنا چاہیئے۔ نیو یارک میں ہائیڈروجن کی صاف اور قابل بھروسہ بجلی کی پیداوار اور استعمال میں تیزی لانے کے سلسلے میں جرات مندانہ کوششوں پر گورنر Hochul اور NYSERDA ستائش کے مستحق ہیں۔ صنعتی کارروائی کے حرارتی آلات، زیادہ حجم میں کثیف ذخیرہ کرنے، مائیکرو گرڈز کی معاونت کرنے اور ہیوی ڈیوٹی نقل و حمل کو فعال کرنے کے سلسلے میں، NYSERDA کا اقدام بالکل اسی قسم کی ریاستی سطح کی معاونت ہے جو وفاقی مراعات کی تکمیل اور ہائیڈروجن والی معیشت کو مزید متحرک کرنے میں مدد کرنے کے لیے درکار ہے۔"

کلائمیٹ ایکشن کونسل (Climate Action Council) کے اسکوپنگ منصوبے کے ساتھ ہم آہنگی میں یہ اقدامات تشکیل دیئے گئے تھے، جن کی مدد سے صاف ہائیڈروجن جیسے کم کاربن والے ایندھنوں کے اسٹریٹجک استعمال کی نشاندہی کی گئی ہے جو کہ ان شعبوں کو کاربن سے پاک کرنے کا ایک اہم ذریعہ ہے جن کی روایتی طور پر برق کاری کرنا مشکل ہے۔ اس کے علاوہ، جیسا کہ ریاست نیو یارک پبلک سروس کمیشن کے زیر غور NYSERDA کے انرجی اسٹوریج روڈ میپ میں تجویز کیا گیا ہے، جبکہ نیو یارک، قابل تجدید توانائی کے ساتھ اپنے الیکٹرک گرڈ کو کاربن سے پاک کرنے کی طرف گامزن ہے، تو ایسا کرنے کے سلسلے میں 2050 تک، کم از کم 18 گیگا واٹس (gigawatts، GW) صفر کاربن والی، ٹھوس، قابلِ ترسیل طویل مدت تک توانائی ذخیرہ کرنے والی گنجائش درکار ہو گی۔

آج کا یہ اعلان تحقیق، ترقی اور کمرشلائزیشن میں ریاست نیو یارک کی سرمایہ کاریوں پر مبنی ہے تاکہ ایسے ان اختراع کاروں کی مدد کی جا سکے جو پوری ریاست کی معیشت میں کاربن کے اخراج کو اعتدال پر لانے کے سلسلے میں ریاست کا ہدف پورا کرنے کے لئے درکار کم اخراج والی اور کاربن کو الگ کرنے والی ٹیکنالوجیز میں تیزی لانے پر کام کر رہے ہیں۔ NYSERDA کے اختراعی پروگرام کے تحت 10 سال کے عرصے کے دوران گرانٹس اور ہمہ جہت کمرشلائزیشن کی معاونت کے ذریعے براہ راست سرمایہ کاریوں کے طور پر 800$ ملین کی رقم مختص کی جا رہی ہے۔ نجی سرمایہ کاری میں 680$ ملین ڈالر سے زیادہ اور پروجیکٹ فنانس کیپیٹل میں 200$ ملین سے زیادہ کی رقوم فعال کی گ‍ءی ہیں، اور این وائی ایس ای آر ڈی اے کی ٹیکنالوجی اور کاروباری ترقی کی سرمایہ کاری کے نتیجے میں 450 سے زیادہ جدید صاف توانائی کی مصنوعات کو کمرشلائز کیا گیا ہے، جس میں LED لائٹنگ سسٹم ، گھریلو آلات ، طویل مدت تک چلنے والی بیٹریاں ، اور حرارت اور ٹھنڈک پیدا کرنے والے زیادہ مؤثر سسٹمز شامل ہیں۔

ریاست کے 10 سالہ، 6$ بلین والے کلین انرجی فنڈ (Clean Energy Fund، CEF) اور علاقائی گرین ہاؤس اقدام (Regional Greenhouse Gas Initiative، RGGI) کے ذریعے ان اقدامات کے لیے فنڈنگ فراہم کی جاتی ہے۔ CEF کے بارے میں مزید معلومات NYSERDA کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔ RGGI کے متعلق مزید معلومات کے لیے، براہ کرمNYSERDA کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

ریاست نیویارک کا پورے ملک کی قیادت کرنے والا ماحولیاتی منصوبہ

ریاست نیو یارک کے ماحولیاتی ایجنڈا میں ایک منظم اور منصفانہ منتقلی کا مطالبہ کیا گیا ہے جو گھرانوں کے لیے پائیدار ملازمتیں پیدا کرے، تمام شعبوں میں سرسبز معیشت کو فروغ دے، اور اس بات کو یقینی بنائے کہ صاف توانائی کی سرمایہ کاریوں کے کم از کم 35 فیصد فوائد کا رخ، جنکا مستقبل کا ہدف 40 فیصد ہو، غریب و پسماندہ کمیونٹیز کی جانب رکھا جائے۔ موسمیاتی اور صاف توانائی سے متعلق ملک کے بعض انتہائی پُرعزم اقدامات سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے، نیویارک کیپ اینڈ انویسٹ پروگرام (New York Cap-and-Invest program, NYCI) اور دیگر تکمیلی پالیسیوں سمیت کاوشوں کے ایک سلسلے پر پیشرفت کر رہا ہے - جن کے ذریعے گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو 1990 کی سطح سے 2030 تک 40 فیصد اور 2050 تک 85 فیصد تک کم کیا جائے گا۔ نیو یارک سنہ 2040 تک کاربن کے صفر اخراج والے بجلی کے شعبے کے حصول کی راہ پر بھی گامزن ہے، جس میں 2030 تک 70 فیصد قابلِ تجدید توانائی کی پیداوار اور وسط صدی تک معیشت کو کاربن سے پاک کرنے جیسے اقدامات شامل ہیں۔ نیو یارک کی جانب سے صاف توانائی پر بے مثال سرمایہ کاریاں کرنا اس انقلابی تبدیلی کا ایک

کلیدی سنگِ بنیاد ہے، جس میں پوری ریاست میں بڑے پیمانے والے 64 قابلِ تجدید اور ٹرانسمیشن پروجیکٹس میں 40$ بلین سے زائد، عمارتوں سے ہونے والے مضر اخراجوں کو کم کرنے کے لیے 6.8$ بلین، شمسی توانائی کا حجم بڑھانے کے لیے 3.3$ بلین، صاف نقل و حمل والے اقدامات کے لیے 3$ بلین سے زائد، اور NY Green Bank کے وعدوں کی مد میں 2$ بلین سے زیادہ کی سرمایہ کاریاں شامل ہیں۔ یہ اور دیگر سرمایہ کاریاں سال 2022 میں نیو یارک کے صاف توانائی کے شعبے میں 170,000 سے زائد ملازمتوں کی معاونت کر رہی ہیں اور سال 2011 کے بعد سے تقسیم شدہ شمسی شعبے میں 3,000 فیصد سے زیادہ کی ترقی لا رہی ہیں۔ گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں کمی اور ہوا کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے، نیو یارک نے صفر اخراج کرنے والی گاڑیوں کے ضابطے بھی بنائے ہیں، جن کے تحت 2035 تک پابند بنایا جائے گا کہ ریاست میں فروخت کی جانے والی تمام نئی مسافر گاڑیاں اور لائٹ ڈیوٹی ٹرکس صفر اخراج کرتے ہوں۔ 400 رجسٹر شدہ اور 130 سے زائد مصدقہ موسمیاتی اسمارٹ کمیونٹیز، تقریباً 500 صاف توانائی والی کمیونٹیز، اور ریاست بھر میں 10 پسماندہ کمیونٹیز میں فضائی آلودگی کی نگرانی کرنے اور اسے بتدریج ختم کرنے والے ریاست کے سب سے بڑے کمیونٹی اقدامات کے ذریعے نیو یارک کے ماحولیاتی اقدامات میں مزید تیزی لانے کے لیے شراکت داریاں کی جا رہی ہیں، تاکہ فضائی آلودگی اور موسمیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کرنے والے اپنے اہداف کے حصول میں مدد مل سکے۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov

ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں